© rasailojaraid.com



ادبیات

# مُیسّر ہو ترے در کی فقیری یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

حافظ محمد ابراہیم فانی

غلامی آپ کی رشکِ امیری یا رسول اللہؐ
مُیسّر ہو ترے در کی فقیری یا رسول اللہؐ

قیامت میں گنہگاروں کا بس تو ہی سہارا ہے
بمحشر از تو جویم دستگیری یا رسول اللہؐ

یہ تیری یاد ہے وجہِ نشاط و باعثِ تسکین
سراپا نعمتِ ربِ قدیری یا رسول اللہؐ

بعشق مصطفیٰ آباد میخواہم دلِ ویراں
برائے کشت دل ابر مطیری یا رسول اللہ

تری آمد سے دنیا میں عجب اِک انقلاب آیا
نذیری تو منیری تو بشیری یا رسول اللہؐ

نہیں مجھ کو سلیقہ نعت لکھنے کا مرے آقا
خدارا عذر من فانیؔ پذیری یا رسول اللہؐ

(نوٹ) مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مواجہہ شریف کے دوران یہ اشعار موزوں ہوئے اور روضہ اقدس کے سامنے پڑھنے کی سعادت حاصل کی۔ فالحمد للہ علی ذالک۔ فانیؔ